25/07/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ انور الحق سے خبریں سُنئے

دورہPM

بر طانیہ کا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد وزیر اعظم نریندر مو دی دو دن کے سرکاری دورے پر مالدیپ کی راجدھانی مالے پہنچ گئے ہیں۔ اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد Muizzuکے ساتھ جامع معیشت اور سلامتی کے علاوہ دیگر شعبوں میں اشتراک کو مزید مضبوط کرنے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کریں گے۔

وزیر اعظم مالدیپ کے60ویں یوم آزادی کے سلسلے میں وہاں منعقد ہونے والی تقریب میں مہمان ذی وِقار کی حیثیت سے شرکت کر یں گے۔ واضح رہے کہ وزیر اعظم کی حیثیت سے یہ نریندر مو دی کا مالدیپ کا تیسرا دورہ ہے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں سے تاکید کی ہے کہ وہ ملک کے ترقیاتی سفر میں قائیدانہ رول ادا کریں۔ اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں منعقد کر دہ" وِکست بھارت یووا کنکٹ پروگرام" سے خطاب کر تے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ جمونو کشمیر کے نوجوان خطے کے مستقبل کو روشن کرسکتے ہیں۔

لیفٹنٹ گورنر نے اس طرح کے پروگرام کے انعقاد پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور عملے کو مبارکباد پیش کر تے ہوئے کہا کہ ہر یونیورسٹی میں Say no to Drugs کے نام سے طالب علموں کی کمیٹیاں تشکیل دی جانی چاہئے۔

شیلندر کمار

محکمہ زرعی پیدا وار کے پرنسپل سیکریٹری شیلندر کمار نے محکمے کے ڈائریکٹروں، جوائنٹ ڈائریکٹروں اور صوبائی سربراہان کے ایک ساتھ میٹنگ کی۔

میٹنگ کے دوران مالی سال 2025-26 کےلئے ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام، Capex اور دیگر مرکزی معاونت والی سکیموں پر مادی اور مالی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

امر نا تھ جی یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا دونوں روایتی راستوں سے احسن طور جاری ہے۔آج دوپہر12بجے تک5ہزار32 یاتریوں نے گپھا پر حاضری دیکر شیولنگم کے درشن کئے۔

اس طرح اب تک درشن کرنے والے یاتریوں کی مجموعی تعداد3 لاکھ57ہزار171 ہو گئی ہے۔

اُدھرجمونکے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح2ہزار896یاتریوں پر مشتمل ایک اور قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا۔

دریں اثناءامر نا تھ یاترا سے منسلک چھڑی مبارک آج سویرے مہنت دپندرگیری کی نگرانی میں تاریخی شارکا دیوی مندر پہنچائی گئی ہے، جہاں اسکی خصوصی پوجا کی جا رہی ہے۔

سرینگرDC

سرینگر کے ڈپٹی کمشنر اکشے لابرو نے محکمے مال کے افسروں کی ایک میٹنگ طلب کر کے اس محکمے سے جڑے مختلف معاملات کو نپٹانے کے بارے میں تفصیلی جانکاری حاصل کی۔

انہوننے اس سلسلے میں عدالتوں میں پڑے معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کےلئے مناسب اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

گاندربلDC

گاندربل کے ڈپٹی کمشنر جَتن کشور نے ضلع سطح کی سکریننگ کم کارڈنیشن کمیٹی کی ایک کے تحت معاملات کی SRO-43 میٹنگ طلب کر کے ضلع میں دہشت پسندی سے متاثرہ افراد کے پیش رفت کا جائزہ لیا۔

ایک علیحدہ میٹنگ میں انہوننے بلند پایہ ولی حضرت قمر الدین بخاریؒ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

شوپیانDC

ضلع ترقیاتی کمشنر شوپیان ششر گپتا نے ضلعے میں منشیات کے استعمال اور اسکے کاروبار پر مکمل روک لگانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ضلع سطح کی نارکو کارڈنیشن کمیٹی کی ایک میٹنگ میں انہوننے اس سلسلے میں مختلف محکموں اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔

انہیں بتایا گیاکہ رواں ماہ کے دوران ضلعے میں27کنال اراضی پر کاشت کی گئی بھنگ کو تباہ کیا گیا ہے۔

کولگامDC

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے میونسپل کونسل کے دفتر کا دورہ کر کے وہاں ٹاون ہال کی عمارت پر جا ری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ انہوننے کام کے معیار کو برقرار رکھتے ہوئے اسے معیاد بند مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

اطلاع

کشمیر یونیورسٹی کے میڈیا ایڈوائزر ڈاکٹر مصور احمد نے اطلاع دی ہے کہ جولائی کی27تاریخ کو منعقد ہونے والا کشمیر یونیورسٹی انٹرنس ٹیسٹ کچھ وجوہات کی بنا پر موخر کیا گیا ہے۔

یہ داخلہ امتحان اب منگلوار29جولائی کو منعقد ہو گا۔ اُمید واروں سے کہا گیاہے کہ وہ اس بارے میں یونیورسٹی کی آفیشل ویب سائٹ سے تفصیلات حاصل کریں۔

پولیس

ایس ایس پی ہندواڑہ مشتاق احمد چودھری کی صدارت میں پولیس اور دیگر سکیورٹی ایجنسیوں کے افسران کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں کپواڑہ ضلعے میں مجموعی سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔

ایس ایس پی نے ضلعے میں امن برقرار رکھنے کےلئے فورسز کے مابین قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

اس دوران پولیس کی جانب سے ہندواڑہ میں کل تھانہ دِوس منعقد کیا گیا جس دوران لوگوں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا۔

وجے دِوس

کر گل جنگ کی یاد میں کل منائے جانے والے کر گل وجے دِو س سے قبل آج کر گل میں کئی شروعاتی پروگراموں کا اہتمام ہے۔

ہمارے کر گل کے نمائندے عنایت علی نے خبر دی ہے کہ آج حب الوطنی اور ثقافتی پروگرام منعقدہونگے جبکہ کل زوجیلہ جنگی یاد گار پر قومی جھنڈے کی تنصیب کے بعد جنگی ہیروز کو شاندار خراج ادا کیا جائے گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....

....

....

......